موت اور وہ بھی پھانسی کے تختے پر کوئی خوشگوار بات نہیں ہے، لیکن بھٹو کا یہ انجام اس اعتبار سے ایک بہت اہم بلکہ تاریخی واقعہ ہے کہ ایک سابق وزیراعظم کو اس انجام سے دوچار ہونا پڑا ہے۔ قتل کی یہ واردات نومبر ۱۹۷۴ء میں اس وقت ہوئی تھی، جب بھٹو وزیراعظم تھے، اور اختیار و اقتدار کے اعتبار سے اپنے انتہائی عروج پر تھے۔ اس سانحے کی پہلی پولیس رپورٹ میں انہیں سازش قتل کرنے کی حیثیت میں نامزد کیا گیا تھا۔ لیکن اس مقدمے کی تفتیش کے جتنے [illegible] اس لیے [illegible] کہ اصل ملزم کے سامنے قانون کی مشینری بے بس اور معذور تھی۔ حتیٰ کہ مقتول کے وارثوں سے بھی رجوع [illegible] کیا گیا، اور بالآخر مقدمہ داخل دفتر کر دیا گیا۔ اس مقدمے کی ازسرنو تفتیش جولائی ۷۷ء میں مسٹر بھٹو کی معزولی کے بعد اس وقت شروع ہوئی، جب ان کے دور ظلم و ستم کی مظہر قوت، تنظیم ایف ایس ایف کے معاملات کی تحقیقات کرائی گئی۔ انہیں الزام قتل میں اسی سال ستمبر میں عیدالفطر کے اگلے دن کراچی سے حراست میں لیا گیا۔ پہلے لاہور ہائی کورٹ اور پھر سپریم کورٹ میں اصل مقدمے اور اپیل کی سماعت سال بھر سے بھی زیادہ عرصے تک جاری رہی۔ سپریم کورٹ میں انہیں خود بھی چار دن تک اپنی صفائی پیش کرنے کا پورا موقع دیا گیا، جس کے بعد انہوں نے خود کہا تھا کہ انہیں سپریم کورٹ پر مکمل اعتماد ہے، اور اب اگر انہیں پھانسی بھی دے دی جائے، تو انہیں کوئی شکایت نہیں ہو گی۔

تخت و تاج کی قسمت میں جاہ و جلال کے ساتھ شروع سے ہی زوال و معزولی، قید و بند، جلاوطنی، گولی [illegible] یا پھانسی کے تختے پر موت بھی لکھی ہوتی ہے۔ لیکن صرف پاکستان ہی نہیں، غالباً دنیا بھر کی تاریخ میں یہ پہلی مثال ہے کہ ایک وزیراعظم کے خلاف اس کے اقتدار کے عروج کے زمانے میں ملک کے عام قانون کے تحت قتل کا مقدمہ درج ہوا اور پھر ملک میں مارشل لا کے نفاذ کے باوجود عام قانون کے تحت ہی عدل و انصاف کے سارے تقاضے پورے کئے گئے۔ ملزم کو اپنی صفائی پیش کرنے کا پورا موقع دیا گیا، اور خود ملزم نے بھی کھلی عدالت میں مکمل انصاف کئے جانے کا بکرار اعتراف و اظہار کیا۔

بھٹو کو پھانسی ملنے کی اطلاع سے لوگوں کی خاصی بڑی تعداد کو رنج اور صدمہ بھی ہوا [illegible] لیکن ان سے زیادہ لوگوں کا ردعمل اس سے یکسر مختلف ہو گا۔ افراد کی طرح قوموں کی زندگی میں بھی ایسے مرحلے آ جاتے ہیں، جب واقعات کا بہت وسیع لیکن متضاد ردعمل ہوتا ہے۔ بہرحال بنیادی طور پر یہ کوئی خوشی کا موقع نہیں، البتہ اس سے ملک کے اندر اور باہر یہ حقیقت ظاہر اور نمایاں ہو گئی ہے کہ پاکستان میں قانون اور عدل و انصاف کا جو نظام ہے وہ اصولی طور پر بے لاگ ہے، اور اس کے تحت چھوٹے اور بڑے، گمنام اور مشہور و معروف اور بے نوا و مقتدر سب برابر اور یکساں ہیں۔ اسلامی قانون و عدل کی علامہ اقبالؒ نے بھی [illegible] شان اور [illegible] بیان کی ہے کہ

خونِ شہ رنگیں تر از مزدور نیست

بھٹو کے اس انجام کا سب سے نمایاں پہلو عبرت و انتباہ کا ہے۔ مشہور مقولہ بھی ہے کہ قتل ظاہر ہو کر رہتا ہے۔ اور اس مقدمے سے تو صرف اہل پاکستان کو ہی نہیں، ساری دنیا کو دکھا دیا ہے کہ زبان خنجر چپ بھی رہے تو مقتول کے خون کی پکار قاتل کی آستینوں میں سے سنی جانے لگتی ہے۔ اس بحث کی صدائے بازگشت آئندہ بھی سنی جاتی رہے گی کہ بھٹو محب وطن تھے یا نہیں؟ لیکن تاریخ کا فیصلہ اسی وقت ہی سامنے آئے گا جب بھٹو کا پورا ریکارڈ (نامۂ اعمال) آہستہ آہستہ سامنے آئے گا۔ اس ریکارڈ کے کچھ پہلو ان کے زمانہ اقتدار میں ہی سامنے آ گئے تھے۔ [illegible] قرطاس ابیض کے ذریعے منظر عام پر آ چکے ہیں، اور ابھی یہ سلسلہ مکمل نہیں ہوا۔ اپنے زمانۂ اقتدار میں انہوں نے بعض ایسے کام بھی کئے، جو بہت سے لوگوں نے اگر پسند کئے۔ تو بہت سے ایسے کام بھی کئے، جو اتنی ہی وسعت اور شدت کے ساتھ ناپسند کئے گئے۔ وہ اعلیٰ تعلیم یافتہ تھے۔ بڑے ذہین و فطین اور سرگرم و فعال ہونے کی شہرت بھی رکھتے تھے، لیکن ان کی ذہانت کچھ اس قسم کی تھی، جس کے متعلق یہ کہا گیا ہے —— "روشنیٔ طبع، تو بر من بلا شدی" —— ان میں ذاتی طور پر بھی بڑی کشش تھی، لیکن وڈیرانہ پس منظر اور مخصوص افتاد طبع کی وجہ سے جو متضاد عناصر ان کی ذات اور کردار میں جمع ہو گئے تھے، ان کی وجہ سے وہ ایک نہایت متنازعہ فیہ شخصیت بن گئے تھے، جس کی وجہ سے لاکھوں لوگوں کے ایک بڑے طبقے نے ایک وقت انہیں بے پناہ پسند کیا، تو ان سے بھی زیادہ لوگوں نے انہیں بے پایاں ناپسندیدگی اور مخالفت و نفرت کا سزاوار سمجھا۔ چنانچہ یہ معاملہ بحث طلب ہے کہ انہیں سزا ملنے کا ملک کی سیاست پر کیا اثر پڑے گا؟ لیکن اس حقیقت سے کوئی بھی انکار نہیں کر سکے گا کہ ان کے خلاف شروع سے آخر تک ساری کارروائی ملک کے عام قانون کے تحت ہوئی۔

عبرت و انتباہ کے بڑے نمایاں اور مستقل سامان کے ساتھ بھٹو کے اس انجام کا دوسرا اہم پہلو یہ ہے کہ اس کا ملک کی سیاست پر کیا اثر پڑ سکتا ہے؟ جہاں تک ان کی اپنی بنا کردہ پیپلز پارٹی کا تعلق ہے، وہ معروف معنوں میں کبھی باضابطہ اور منظم پارٹی نہیں تھی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بھٹو اپنی ذات میں ہی انجمن تھے (کسی کے لئے بھی وثوق سے یہ کہنا مشکل ہے کہ دم رخصت ان کے کیا احساسات تھے، لیکن گمان غالب یہ ہے کہ وہ اپنی پارٹی کی حد تک (جس کے وہ خود ہی محور و مرکز تھے) اس دنیا سے مایوس ہی رخصت ہوئے ہوں گے۔ دوسری پارٹیوں یا عام سیاست پر اثرات کے متعلق اس مرحلے میں ہر شخص اپنے طور پر قیاس کر سکتا ہے۔ بہرحال بھٹو کے لئے "حسرت قبر" کی شب طلوع درازے سے وہ مرحلہ تو ختم ہو گیا ہے۔ جس میں کبھی نہ کبھی انداز میں ہر کام رکا ہوا تھا، اور وہ جمود بھی ختم ہو گیا ہے، جو قافلہ کے وہاں وہاں بیٹھنے جس اس قدر مقدر نہیں تھا۔ جس قدر بنا لیا گیا تھا۔ اس لئے یہ امید کرنی چاہئے کہ اس مقدمے کی سماعت کے دوران میں خاص طور پر عدالت عظمیٰ کے حتمی فیصلے سے پہلے جو احتیاطی تدابیر اختیار کی گئی تھیں، وقت گزرنے کے ساتھ ان کی شدت اور ضرورت بھی بتدریج کم تر ہوتی جائے گی۔ بعض احتیاطی تدابیر خاص طور پر کالجوں اور یونیورسٹیوں کی بندش کو تعلیمی حلقے غیر ضروری قرار دیتے رہے ہیں، لیکن ان کی وجہ صرف یہ مصلحت تھی کہ طلبہ میں پھر جھگڑے، فساد اور خون خرابہ [illegible] نہ پہنچے، یہ مقصد بخیر و خوبی حاصل ہو گیا ہے۔ اس لئے یہ توقع کی جاتی ہے کہ قومی زندگی کی گاڑی کو ہر شعبے میں رواں دواں کرنے کے تقاضے پورے کرنے میں احتیاط کے ساتھ اب حقیقت پسندی سے بھی کام لیا جائے گا، اور ایک لمبے عرصے تک محض کی وجہ سے جو بے یقینی اور بے چینی کی فضا طاری رہی ہے، اسے اب طول اختیار کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ زندگی ایک ہر دم جواں اور ہر دم رواں کیفیت اور حقیقت کا نام ہے، اور کچھ کیا بہت سے لوگ چاہیں تو بھی اس حقیقت کو نہ بدلا جا سکتا ہے، اور نہ اس سے انکار کیا جا سکتا ہے۔ رہے نام اللہ کا۔

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ۔

روزنامہ نوائے وقت لاہور

اقبالؒ کی دُعا

یارب دل مسلم کو وہ زندہ تمنا دے
جو قلب کو گرما دے، جو روح کو تڑپا دے

پھر وادیٔ فاراں کے ہر ذرے کو چمکا دے
پھر شوق تماشا دے، پھر ذوق تقاضا دے

محروم تماشا کو پھر دیدۂ بینا دے
دیکھا ہے جو کچھ میں نے اوروں کو بھی دکھلا دے

بھٹکے ہوئے آہو کو پھر سوئے حرم لے چل
اس شہر کے خوگر کو پھر وسعت صحرا دے

پیدا دل ویراں میں پھر شورش محشر کر
اس محمل خالی کو پھر شاہد لیلا دے

اس دور کی ظلمت میں ہر قلب پریشاں کو
وہ داغ محبت دے جو چاند کو شرما دے

رفعت میں مقاصد کو ہمدوش ثریا کر
خودداریٔ ساحل دے، آزادیٔ دریا دے

بے لوث محبت ہو، بیباک صداقت ہو
سینوں میں اجالا کر، دل صورت مینا دے

احساس عنایت کر آثار مصیبت کا
امروز کی شورش میں اندیشۂ فردا دے

میں بلبل نالاں ہوں اک اجڑے گلستاں کا
تاثیر کا سائل ہوں، محتاج کو داتا دے

نورِ بصیرت
میاں عبدالرشید

تحفۂ حیات

یہ دنیا دارالعمل ہے اور اعمال بدن ہی سے انجام پاتے ہیں۔ جن لوگوں کا تعلق اس بدن سے منقطع ہو جاتا ہے یعنی جو فوت ہو جاتے ہیں، ان کا عمل کا سلسلہ موقوف ہو جاتا ہے۔ اس لحاظ سے دیکھا جائے تو بدن ایک نعمت غیر مترقبہ ہے اور یہ زندگی جہاں فرصت عمل حاصل ہے، حق تعالیٰ کا خاص تحفہ ہے۔

یہ برحق ہے کہ عمل کے لیے محنت کرنی پڑتی ہے۔ مشقت اٹھانی پڑتی ہے لیکن یہاں کئے گئے اچھے اعمال سے جو فردوس نتائج اور تا ابد رہنے بلکہ بڑھتے رہنے والے ثمرات حاصل ہوتے ہیں، ان کی قیمت کا کوئی اندازہ ہی نہیں کر سکتا۔ نہ وہ نعمتیں کسی کے تصور میں آ سکتی ہیں، جو اچھے اعمال کی جزا ہیں۔

یہ صحیح ہے کہ بدن سب کچھ نہیں لیکن یہ بھی اتنا ہی صحیح ہے کہ بدن بہت کچھ ہے۔ اس لیے بدن کی مناسب دیکھ بھال ضروری ہے۔ صحت مند اور قوی بدن ہی سے اعمال سرانجام دیئے جا سکتے ہیں۔ اور بدن کو صحت مند رکھنے کے لیے صحت مند افکار اور منضبط جذبات ضروری ہیں۔ پریشان خیالات اور بے قابو جذبات بدنی صحت کو تباہ کر دیتے ہیں۔

حیوانی سطح تک کھانا پینا اور وقت پر جنسی ضروریات پوری کر لینا ہی زندگی ہے، لیکن انسان کی سطح اس سے بہت بلند ہے۔ وہ روح کے نورانی چراغ کے باعث اللہ تعالیٰ کا نائب، مسجود ملائکہ اور موجودات میں سب سے افضل ہے۔ جو لوگ چوپایوں کی طرح ہر طرف منہ مارتے پھرتے ہیں —— حلال حرام کی تمیز نہیں کرتے۔ یا درندوں کی طرح کمزوروں کا شکار کرتے یا ایک دوسرے کو چیرتے پھاڑتے رہتے ہیں، وہ انسانی بلندی سے گر کر حیوانی سطح پر آ جاتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنی حیوانی جبلتوں کو سب کچھ سمجھ لیا اور ان کی غلامی اختیار کر لی۔ ان سے سواری کا کام لینے کی بجائے انہیں اپنے اوپر سوار کرا لیا۔ اب وہ نفسانی خواہشات کی تند و تیز ہواؤں کے سامنے تنکوں کی مانند ادھر سے ادھر اور ادھر سے ادھر اڑتے پھرتے ہیں۔

عبرت

سپردِ دار و رسن ان کو نمایاں یوں بھی دیکھا ہے
عوامی رہنماؤں کو پریشاں یوں بھی دیکھا ہے
زمیں پر آ گرے آخر محلاتِ شہی، دیکھے
نگاہِ شاہ کو عبرت بداماں یوں بھی دیکھا ہے

— [illegible] آبادی

روس کے تیرہ کروڑ مسلمانوں کا تحریکِ اسلامی سے متاثر ہونا ضروری ہے

اشتراکی رہنما اسلامی تحریک کو اپنی سرحدوں سے دور رکھنے کے لیے ہر ممکن حربہ استعمال کر رہے ہیں

بخارا میں ایک ۔۔۔ کا منظر

ماسکو (۔۔۔) ۔۔۔ ایران کی سرحد کے ساتھ ۔۔۔ سوویت مسلمان علاقوں میں احیائے اسلام کی زبردست لہر پیدا ہوئی ہے ۔۔۔

تاہم سوویت یونین کے ۔۔۔ ایران کی اسلامی تحریک سے ۔۔۔ تعلقات ہیں۔

ہم آپ کو اسلام کی نشاۃ ثانیہ کی علامت تصور کرتے ہیں

ایران کو اسلامی جمہوریہ قرار دینے کے موقع پر علامہ خمینی کے نام صدر ضیاء الحق کا پیغام

اسلام آباد (۔۔۔ اے پی پی / ریڈیو رپورٹ) صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے ایرانی عوام کی بھاری اکثریت کی طرف سے ریفرنڈم میں اسلامی جمہوریہ کے حق میں ووٹ دینے کو ایران کی حالیہ تاریخ کا انتہائی شاندار اور یادگار واقعہ قرار دیا ہے۔ اس قابل فخر کامیابی پر آیت اللہ روح اللہ خمینی کو مبارکباد کے ۔۔۔ صدر مملکت نے ان کی ذات کو عالم اسلام کی نشاۃ ثانیہ کی علامت قرار دیا ۔۔۔

۔۔۔ اور مجھے یقین کامل ہے کہ دونوں ملک ۔۔۔ اسلام کی خدمت کریں گے۔ اور اسلام کی آفاقی اقدار کو فروغ دیں گے۔

صدر ضیاء نے پیغام میں علامہ آیت اللہ خمینی کی قیادت پر ایرانی عوام کے اعتماد کا ذکر کرتے ہوئے ۔۔۔ اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ ایرانی عوام ہمیشہ علامہ خمینی کی رہنمائی سے مستفید ہوتے رہیں۔

طبی ریسرچ بورڈ کی تشکیل نو

اسلام آباد ۔۔۔ (اے پی پی) وفاقی وزیر صحت ۔۔۔ خان ۔۔۔ نے طبی ریسرچ بورڈ کی تشکیل نو کی ہے اور اس کے نئے ارکان مقرر کئے ہیں۔ ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ حکیم محمد سعید کے طبی مشیر مقرر ہو جانے کی وجہ سے ان کی رکنیت ختم کر دی گئی ہے۔ ڈاکٹر سلیم الزمان صدیقی کو طبی ریسرچ بورڈ کا چیئرمین اور حکیم عبداللہ ۔۔۔ کو سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے۔ بورڈ کے نئے ارکان میں حکیم ۔۔۔ حکیم آفتاب احمد قرشی، حکیم عبداللہ ۔۔۔ حکیم محمد زین صدیقی، حکیم محمد یوسف اور ۔۔۔ شامل ہیں۔

افغانستان کے خلاف بین الاقوامی سازشیں کی جا رہی ہیں

ایران اور پاکستان چھاپہ ماروں کی پشت پناہی کر رہے ہیں: صدر ترکئی کا الزام

حفیظ اللہ امین کو افغانستان کا وزیر اعظم مقرر کر دیا گیا

پشاور ۔۔۔ افغانستان کے صدر ترکئی نے کہا ہے کہ ۔۔۔ انقلاب کو ناکام بنانے اور ۔۔۔ حکومت کو ختم کرنے کے لئے بین الاقوامی سطح پر سازشیں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے ۔۔۔ انقلابی کونسل کے ایک ہنگامی اجلاس ۔۔۔ رجعت پسند قوتیں انقلاب افغانستان کی کامیابی سے سخت خوفزدہ ہیں اور وہ افغانستان میں انتشار ۔۔۔

۔۔۔ افغان عوام ۔۔۔ دوام بخشنے کی کوشش کریں گے۔

قرآن پاک کی طباعت کے لیے عطیہ

مکہ ۔۔۔ (اے پی پی) سعودی عرب کے ۔۔۔ نے قرآن کریم کی طباعت کے لئے ۔۔۔ سعودی ریال مؤتمر عالم اسلامی کو دیئے ہیں۔ وہ قرآن پاک کے ۔۔۔ لاکھ نسخے شائع کرنے کا پروگرام رکھتی ہے جنہیں ایشیا اور افریقہ میں تقسیم کیا جائے گا۔

تاس نے بھٹو کی پھانسی کی خبر پر کوئی تبصرہ نہیں کیا

ماسکو ۔۔۔ (اے پی پی) روس کی خبر رساں ایجنسی تاس نے آج راولپنڈی ڈسٹرکٹ جیل میں پاکستان کے سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دیئے جانے کی خبر کسی تبصرے کے بغیر دی۔

بیگم سے تو ہو گئی ۔۔۔ اب عزیزوں سے بھی میری صلح کروائیں!

لیاقت باغ فائرنگ کیس کے سلسلے میں گیارہ افراد کی گرفتاری

عدالت میں چالان ۔۔۔ پیش کر دیا گیا

لاہور ۔۔۔ (اے پی پی) لیاقت باغ فائرنگ کیس کے سلسلے میں گیارہ افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ اس کیس کا ایک عبوری چالان ۔۔۔ پیش کر دیا گیا ہے ۔۔۔ تحقیقات ۔۔۔ لیاقت باغ فائرنگ کا سانحہ ۔۔۔ حزب مخالف کی طرف سے منعقدہ ایک جلسے میں رونما ہوا تھا اور بہت سی قیمتی جانیں ضائع ہوئی تھیں۔

بھارت نے جنوب مشرقی ایشیا میں ایٹمی ہتھیاروں پر پابندی لگانے کی پاکستانی تجویز مسترد کر دی

نیویارک ۔۔۔ (اے پی پی) ۔۔۔ بھارت نے پاکستان کی یہ تجویز مسترد کر دی ہے کہ جنوب مشرقی ایشیا میں ایٹمی ہتھیاروں پر پابندی عائد کر دی جائے ۔۔۔

انتخابی فہرستوں کی طباعت ۳۰ اگست تک مکمل ہو جائے گی

اسلام آباد ۔۔۔ (اے پی پی) انتخابی فہرستوں کی طباعت کا کام ۳۰ اگست تک مکمل ہو جائے گا ۔۔۔ ووٹروں کے نام ۔۔۔ آخری ہوں گی ۔۔۔ الیکشن کمیشن کے ایک پریس ریلیز کے مطابق ۔۔۔

کیپٹل ٹریول اینڈ کیپٹل ٹریڈرز

IATA

ٹی وی، فریج اور کار وغیرہ کے مفت کتابچہ کے لیے

آج ہی فون کریں

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE

Toronto: (416)465–5411

Windsor: (519)256–0654

DETROIT: 963-3626

744 Broadview Avenue

Toronto M4K 2P1

Tel. 465-5411 465-5412

بھٹو کے چار دیگر شریکِ جرم پھانسی میں اپنی باری کا انتظار کر رہے ہیں



۹ وزرا کی اپیل کا فیصلہ سننے کے لئے ... سپریم کورٹ کی عمارت کے باہر کھڑے ہیں۔

محمد عباس، غلام مصطفےٰ اور رانا افتخار کو راولپنڈی جیل میں منتقل کر دیا گیا

محمد عباس کے لواحقین سے آخری ملاقات کرنے کا مشورہ، رحم کی اپیلیں مسترد ہو چکی ہیں

راولپنڈی ۱۴ اپریل (پ پ ا) بھٹو کے شریک جرم چار مجرموں میں سے تین مجرم میاں محمد عباس، صوفی غلام مصطفےٰ اور رانا افتخار راولپنڈی ڈسٹرکٹ جیل میں پھانسی پانے کے لئے اپنی باری کا انتظار کر رہے ہیں ان مجرموں کو نواب محمد احمد خان قتل کے مقدمہ میں سزائے موت ہوئی تھی اور ان کی رحم کی اپیلیں بھی مسترد ہو گئیں۔ میاں عباس کے اہل خاندان کو جیل حکام نے ان سے آخری ملاقات کرنے کے بارے میں مطلع کر دیا ہے قتل کا چوتھا مجرم ارشد اقبال ابھی لاہور جیل میں ہی ہے۔

ارشد اقبال — رانا افتخار

صوفی غلام مصطفےٰ — میاں عباس

شاہ عزیز الرحمان بنگلہ دیش کے نئے وزیر اعظم ہونگے

ڈھاکہ ۔۔۔۔ اے پی (اپ پ) وزیر صنعت شاہ عزیز الرحمان کو بنگلہ دیش کا نیا وزیر اعظم چن لیا گیا ہے حکمران پارٹی نے اپنے ایک اجلاس میں انہیں اپنا پارلیمانی لیڈر منتخب کر لیا۔ اس انتخاب سے وہ وزارت عظمیٰ کے لیے پارٹی کے نامزد امیدوار بن گئے ہیں توقع ہے پارلیمنٹ ۱۵ اپریل کو اپنے اجلاس میں نئے وزیر اعظم کے تقرر کی رسمی منظوری دیدے گی۔ اصلاحات اراضی کے وزیر مرزا غلام حافظ کو سپیکر چنا گیا ہے۔ وزیر صحت بدرالدجیٰ چودھری اور وزیر ڈاک خانہ جات مودود احمد نئے نائب وزرائے اعظم ہونگے۔

شیخ رشید کی رٹ کی سماعت

لاہور ۔۔۔۔ اپ پ لاہور ہائیکورٹ کی ایک تین رکنی بنچ جس میں مسٹر جسٹس شمیم حسین قادری اور مسٹر جسٹس محمد افضل ... شامل ہے۔ سات اپریل کو سابق وفاقی وزیر شیخ محمد رشید کی جانب سے ان کو سات سال کے لئے سیاست میں حصہ لینے کا نااہل قرار دیئے جانے کے خلاف ایک رٹ پٹیشن کی سماعت کرے گی۔

بھٹو کے وکلاء یحییٰ بختیار اور ڈی ایم اعوان اور سرکاری وکلاء ایم اے رحمان اور اعجاز حسین بٹالوی سپریم کورٹ میں اپیل کی سماعت کے دوران عدالت کی طرف آ رہے ہیں

اپیلوں کی سماعت کے دوران ایک موقع پر بار روم میں مسٹر یحییٰ بختیار، غلام علی میمن، ڈی ایم اعوان باہمی صلاح مشورہ کر رہے ہیں

سپریم کورٹ میں اپیلوں کی سماعت کے لئے مسٹر جسٹس نسیم حسن شاہ، مسٹر جسٹس صفدر شاہ، مسٹر جسٹس محمد حلیم، اور مسٹر جسٹس قیصر خان کمرۂ عدالت کی طرف جا رہے ہیں۔

مقدمہ قتل کے دوسرے ملزموں کے دو وکلاء

دلی اسپیشل فوڈز

حلال گوشت سے تیار شدہ لذیذ، عمدہ کھانے نہاری و پائے،

شامی کباب کڑاہی گوشت

اور

بریانی وغیرہ

421-9572

DILLI SPECIAL FOODS

Chandni Chowk

401 Donlands TORONTO

Take Out Services

بھٹو کی قبر کے لئے جگہ کا معاملہ

راولپنڈی ۔۔۔۔ مسٹر بھٹو کے برادر نسبتی ... مسٹر ... الاسلام نے آج یہاں ... کے سامنے ... کو بتایا کہ ... خاندان ... اور مسٹر ... بھٹو کے ... [illegible] ... قبرستان میں اس جگہ کی ... جہاں مسٹر بھٹو کی قبر ... انہوں نے کہا ہمیں معلوم نہیں کہ کیا ... فیصلہ ہو گیا ہے ... [illegible] ... صورت حال کی وضاحت ... [illegible] ... کے لئے جگہ مخصوص کر دی ہے۔

سپریم کورٹ میں اپیل کی سماعت کے دوران وکلاء صفائی یحییٰ بختیار، ڈی ایم اعوان اور مسٹر ... احمد ... [illegible]

بھٹو کے مکانات سے انتہائی اہم خفیہ دستاویزات برآمد

دستاویزات کا تعلق مملکت کی سلامتی دفاع اور امور خارجہ سے ہے

ان کو ملک سے باہر اسمگل کرنے کی کوشش کی جا رہی تھی

دستاویزات سابق وزیر اعظم نے اپنی سرکاری رہائش گاہ سے منتقل کی تھیں

افغان ڈیفنس کونسل کا اہم اجلاس

سردار قیوم کے خلاف ریفرنس کی سماعت

باجپئی کے بیان کی مذمت

کابل کیلئے پروازیں معطل نہیں ہوئیں

ملک غلام مصطفےٰ کھر کے خلاف اراضی کا فراڈ کیس فوجی عدالت میں منتقل کر دیا گیا

غلام کھر اور ان کے بھائی غازی کھر کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے گئے

ناقص فیلڈنگ لے ڈوبی

ہمارے کرکٹر تھکے ہوئے تھے

از سلطان عارف

NOW, YOU CAN DO MORE THAN JUST REPORT A RACIAL ATTACK.

اٹارنی جنرل کی منسٹری نے نسلی تعصب رکھنے والے
مجرموں کا شکار بننے والوں کی مدد کے لیے
ایک نئی قانونی سروس شروع کی ہے جس
کے لیے آپ اس نمبر پر فون کر سکتے ہیں:

366-3080

اس سروس سے ان لوگوں کی مدد ہوگی جن
پر کیے جانے والے نسلی حملے کی پولیس نے
چھان بین تو کر لی لیکن مجرموں پر کوئی
چارج نہیں لگایا۔

اور یہ نہایت اہم ہے کہ کسی حادثے کی پہلے
پولیس کے ذریعہ تحقیق ہو۔ یہ کوئی ایمرجنسی
سروس نہیں ہے۔
آپ کو جرائم کے طریقہ انصاف اور جرائم کی تحقیق

کے متعلق کارروائی شروع کرنے کے بارے میں بتایا
جائے گا۔ یاد رکھیے کہ پولیس چارج نہ لگائے تب
بھی آپ خود چارج لگا سکتے ہیں۔
ہم پیر تا جمعہ صبح ۹ تا شام ۵ بجے اپنا کام چلاتے ہیں۔



R. Roy McMurtry,
Attorney General

Ontario

بھٹو کی پھانسی کے باعث موجودہ حالات میں کوئی نمایاں تبدیلی نہیں ہوگی

پھانسی کے فیصلے سے قومی اتحاد کا کوئی تعلق نہیں : مفتی محمود

۱۲-اپریل سے قبل ہی اتحاد کے اجلاس میں موجودہ صورت حال پر غور کیا جائیگا

ملتان — (نمائندہ خصوصی) قومی اتحاد کے سربراہ مولانا مفتی محمود نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ مسٹر بھٹو کی پھانسی کی وجہ سے موجودہ حالات میں کوئی نمایاں تبدیلی نہیں ہوگی۔ مولانا مفتی محمود آج یہاں ... سے بات چیت کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بھٹو کی موت کے ساتھ ہمارے اور ان کے سیاسی اختلافات بھی ختم ہو گئے۔ اسلام ہمیں تعلیم دیتا ہے کہ مرنے والے کو برے لفظوں سے یاد نہ کیا جائے۔ اس لئے ہم انہیں برا نہیں کہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھٹو کے متعلق پھانسی کے فیصلے سے قومی اتحاد کا کوئی تعلق نہیں۔ عدالت عالیہ نے سزائے موت کا فیصلہ کیا۔ اور صدر مملکت کو آئینی حق تھا کہ وہ رحم کی اپیل کو منظور کریں یا مسترد کریں۔ انہوں نے کہا ہم نے باضابطہ اعلان کیا۔

اہم اس بات کے قائل نہیں کہ کسی کے ہاتھ پاؤں باندھ کر اس کا مقابلہ کیا جائے۔ ہم بھٹو سے سیاسی میدان میں مقابلہ کرنا چاہتے تھے تاہم ایک فوجداری مقدمے میں باقاعدہ سماعت کے بعد انصاف کے ...

مطابق فیصلہ کیا گیا۔ مولانا مفتی محمود نے میاں طفیل محمد کے اس بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا جس میں میاں طفیل محمد نے کہا تھا کہ جنرل ضیاء الحق قومی اتحاد کو بدستور حکومت میں رکھنا چاہتے ہیں اور وہ بھی (میاں طفیل محمد) اس کے حامی ہیں۔ مولانا مفتی محمود نے کہا ہر ایک کی اپنی اپنی رائے ہے۔ تاہم قومی اتحاد جو بھی فیصلہ کرے گا۔ جماعت اسلامی اس کی یقیناً پابندی کرے گی۔ انہوں نے کہا مسٹر بھٹو کی موت کے ساتھ احتساب ختم نہیں ہونا چاہیئے۔ احتساب ہمیشہ جاری رہنا چاہیئے تاکہ کوئی حکمران احتساب کے خطرے سے بے نیاز نہ رہے۔ مفتی محمود نے صوبہ سرحد کے دورے کے التوا کا اعلان کیا۔ انہوں نے خیال ظاہر کیا کہ قومی اتحاد ۱۲ اپریل کے بجائے شاید ۸ اپریل ہی اس سے پہلے اپنا اجلاس طلب کرے گا جس میں ملک کی موجودہ صورت حال اور اقتدار میں رہنے یا نہ رہنے کے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔

تحریک استقلال کے سربراہ سابق ایئر مارشل اصغر خان کو جب بھٹو کو پھانسی دیئے جانے کے بارے میں اطلاع دی گئی تو انہوں نے صرف انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا۔ اس کے علاوہ کوئی اور تبصرہ نہیں کیا۔ انہیں بھٹو کو پھانسی دیئے جانے کی اطلاع اس وقت دی گئی جب وہ پشاور میں جلسہ عام سے خطاب کر رہے تھے۔

معراج محمد خان

پاکستان قومی محاذ آزادی کے سربراہ اور سابق وفاقی وزیر معراج محمد خان نے بیگم نصرت بھٹو کے نام اپنے پیغام میں مسٹر بھٹو کی پھانسی پانے کے واقعہ کو ایک بڑا المیہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے مرحوم بھٹو سے بیگم بھٹو، دیگر اہل خانہ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے افراد کے ساتھ اظہار تعزیت کرتے ہوئے بھٹو کی موت کو بہت بڑا نقصان قرار دیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو خود غرض رہنماؤں سے نجات دلائے۔

زاہد راشدی

جنرل سیکرٹری قومی اتحاد پنجاب مولانا زاہد الراشدی نے کہا ہے کہ کسی انسان کی موت پر خوشی اچھی بات نہیں بالخصوص بھٹو کی پھانسی خوشی کا نہیں بلکہ عبرت حاصل کرنے کا موقع ہے تاہم اس سے اسلامی اصولوں اور قانون کی بالادستی کے بارے میں جو اعتماد قائم ہوا ہے وہ محب وطن شہریوں کے لئے باعث اطمینان ہے۔ بھٹو اپنے اللہ کے پاس جا چکے ہیں اب ان کا معاملہ خدا کے ساتھ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ جو سلوک بہتر سمجھے۔ ہم دعا ہی کر سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی غلطیوں کو معاف فرمائیں اور پوری دنیا کو اس سے سبق حاصل کرنے کی توفیق دے۔

پروفیسر خورشید احمد

پاکستان کے اقتصادی منصوبہ بندی کے وزیر پروفیسر خورشید احمد نے جو آج کل برطانیہ کے دورے پر ہیں کہا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان میں جاگیردارانہ نظام حکومت قائم کر رکھا تھا ملک میں ہونے والی بیشتر غلط کاروائیوں کا ذمہ دار صرف بھٹو تھا انہوں نے ہی لوگوں کو قتل کرنے اور مار نے پیٹنے کے احکامات جاری کئے اور اس کی وجہ سے ہی ایک لاکھ افراد جیلوں میں پڑے رہے۔ انہوں نے بھٹو کی موت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ بھٹو میں قائدانہ صلاحیتیں موجود تھیں لیکن بدقسمتی سے انہوں نے ملک کا نظم و نسق چلانے کے لئے جاگیردارانہ انداز اختیار کیا اور اپنی ذات کے لئے اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا۔

بی بی سی اور پاکستان

لاہور — روزنامہ مشرق آج شب برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی نے سوا آٹھ بجے کے اردو بلیٹن میں بھٹو کو پھانسی دیئے جانے کی خبر کو اتنی فوقیت دی کہ دس منٹ کے نیوز بلیٹن میں بیس منٹ صرف یہی خبر نشر کی گئی۔ اس کے بعد مسلسل ... بھٹو کی شخصیت سیاسی کردار اور دور حکومت کے بارے میں مختلف تجزیے نشر کئے گئے۔ ان تجزیوں میں بھٹو کی مختلف تقریروں سے اقتباسات اور نقطہ نظر کا بیان جنرل ضیاء الحق کے ایک سابقہ بیان کے دو تین فقرے ان کی اپنی آواز ... ... بی بی سی نے دنیا کے کسی رہنما کے بارے میں آج تک نشر نہیں کیا تھا۔ پاکستان میں مقیم بی بی سی کے نامہ نگار مارک ٹلی نے جو جانبدارانہ رپورٹ بھیجی ہے صحافتی حلقوں کے مطابق وہ صحافتی اقدار کے منافی تھی اور بی بی سی نے بھٹو کی پھانسی کی خبر اور بعد ازاں تبصرے جس انداز اور طریقے سے نشر کیا اس سے یہاں کے سیاسی حلقوں میں زبردست ردعمل ہوا اور اسے پاکستان کے اندرونی معاملات میں کھلی مداخلت قرار دیا جا رہا ہے۔ ان حلقوں نے اس خیال کا بھی اظہار کیا ہے کہ شاید بی بی سی کے پیپلز پارٹی کے خوانخواہ ... کا منہ کھول دیا گیا تھا۔ اور بی بی سی کے نمائندے کو بھٹو کی پھانسی کی صورت میں پاکستان اور مسلمان دشمنی کا ... کرنے میں جو ناکامی ہوئی اس کی خفت مٹانے کے لئے اس نے ... خبریں نشر کیں۔ بھٹو کی پھانسی کا ایک طرح بی بی سی نے سوگ منایا گیا انگریزوں کا لگایا ہوا ... چل رہا ہے۔

بھٹو کو بے گناہ لوگوں کی بددعائیں لے بیٹھیں

پشاور میں عام زندگی معمول کے مطابق

پشاور — نمائندہ خصوصی پاکستان کے سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دیئے جانے کے بعد پشاور میں مجموعی طور پر امن و امان رہا اور کسی ناخوشگوار واقع کی اطلاع نہیں ملی۔ پشاور میں صبح ریڈیو سے بیشتر لوگوں کو یہ علم تھا کہ بھٹو کو پھانسی دے دی گئی ہے اور وہ ایک دوسرے سے اس خبر کی تصدیق کر رہے تھے۔ بعد ازاں ایک مقامی اخبار نے ضمیمہ شائع کیا اور دکانوں کی حالت سے کچھ رنگ ... ہوئے اس موقع پر چوک یادگار اور بعض دوسرے مقامات پر لوگوں کے چھوٹے چھوٹے جتھے نظر آتے اور تھوڑی دیر بعد ... بازار، شاہین بازار، مینا بازار اور صرافہ بازار میں تاجروں نے اپنی دکانیں بند کر دیں۔ ... قصہ خوانی بازار خیبر بازار، بازار بزازاں اور دوسرے تمام بازار کھلے رہے اور کاروبار جاری رہا۔

مینا بازار میں پیپلز پارٹی کی چند خواتین جمع ہوگئی تھیں لیکن وہ بہت جلد منتشر ہوگئیں۔ ... پیپلز پارٹی کے کچھ کارکن اکٹھے ہوگئے لیکن پولیس کو دیکھتے ہی منتشر ہوگئے تاہم اس وقت دو کارکنوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ شہر کے مختلف مقامات سے پیپلز پارٹی کے کارکنوں کی گرفتاریاں عمل میں لائی گئی ہیں ... ریڈیو پاکستان سے پہلی بار جو بھٹو کی پھانسی کی خبر نشر کی گئی تو لوگوں کو یہ کہتے سنا گیا بھٹو کو تکبر مار گیا۔ اور بعض یہ کہہ رہے تھے کہ یہ اللہ کی گرفت تھی اور کچھ یہ بھی کہتے سنے گئے کہ کاش بھٹو کو بھی سزا نہ دی جاتی اور کاش اسے صرف قید کر دیا جاتا وہ فی الواقع قاتل تھا اور اسے بے گناہ لوگوں کی بددعائیں لے بیٹھیں۔

پھانسی کی اُجرت دس رُوپے

راولپنڈی — (نمائندہ خصوصی) جلاد تارا مسیح جس کا تمام خاندان پھانسی دینے کا ماہر ہے آج اپنی فیس یعنی دس روپے اور خرچ آمد و رفت لے کر واپس روانہ ہو گیا۔ تارا مسیح گزشتہ شب یہاں پہنچا تھا۔ اسے بتایا گیا کہ اس نے بھٹو کو پھانسی دینی ہے تارا مسیح اس کے لئے ذہنی طور پر تیار ہو کر آیا تھا آج صبح تارا مسیح نے بھٹو کو پھانسی دی اور سات بجے اپنا حساب کتاب کر کے واپس روانہ ہو گیا اسے دوبارہ طلب کرنے کی تاریخ نہیں دی گئی

بھٹو کی کلفٹن کی قیام گاہ میں سوگ

کراچی ۴ اپریل (نمائندہ خصوصی) آج کراچی میں واقع ذوالفقار علی بھٹو کی اقامت گاہ ستر کلفٹن میں ان کی تعزیت کرنے والے خواتین اور مردوں کا ہجوم رہا۔ یہاں بھٹو کی بہن بیگم منور السلام، خواہر نسبتی فخری بیگم ان کے بہنوئی اور ان کے دیگر عزیز موجود تھے۔ بعض لوگ زار و قطار رو رہے تھے۔ کراچی پولیس کی اطلاع کے مطابق پیپلز پارٹی کے بعض مقامی رہنما روپوش ہو گئے جن میں علاؤ الدین عباسی، نسیم الحق عثمانی اور مسرور احسن شامل ہیں۔

......ایک آواز

حسنی (ٹورانٹو)

دل نہیں مانتا کہ وطن عزیز پر کیچڑ اچھالا جا رہا ہو اور اہل وطن خاموش تماشائی بنے بیٹھے رہیں۔ وطن کی ناموس پر حملے ہو رہے ہوں اور وطن پر مر مٹنے والے خواب غفلت میں سوئے پڑے رہیں۔ نفرت اور حقارت میں ڈوبے ہوئے قلم اپنی گھناؤنی ذہنیت کا اظہار کرنے سے باز نہیں آتے۔ یقین نہیں آتا کہ ہم اس زہریلے پروپیگنڈے کو یونہی پی جائیں گے۔

الفاظ کے پیچ و خم میں گزشتہ چند مضمون میں پاکستان کو کئی مرتبہ توڑا گیا۔ ملک میں ہولناک خانہ جنگی کی بار بار بھونڈی تشہیر کی گئی۔

اس وقت اہل وطن کی غیرت کا امتحان لیا جا رہا ہے۔ کیونکہ کسی ایک شخص کی ذات پر پوری قوم کو قربان نہیں کیا جا سکتا۔

جذبۂ حب الوطنی کو اچھل کر بیکراں ہونا پڑے گا۔

ہیا جو جنگ کے ٹوٹے ہوئے تاظے جب جذبۂ حریت کا شکار ہو رہے تھے اور جب گنگا اور جمنا کے شفاف پانی کو انسانی ... کے مجاہدین کے گرم لہو سے سرخ کیا جا رہا تھا اس وقت تو بین الاقوامی رائے عامہ نے پاکستان سے محبت کا ارتیٰ بیٹھے کے پاس نہ رکھا اور آج جب ایک شخص اپنے اعمال کے سبب اپنے انجام کو پہنچا ہے تو مغربی اخبارات میں صف ماتم بچھ جاتی ہے۔ پاکستان سے علیحدگی کی آڑ میں صیہونی ذہن نے ... کے پندرہ ہزار پاکستانیوں کے آبائی شہروں، قصبوں اور دیہاتوں کو اپنی شیطانی تحریروں سے مٹانے پر تلا ہوا ہے۔

پاکستان تو کجا یہ صیہونی عفریت ایران میں بھی اسلامی انقلاب کا گلا گھونٹنے کے در پے ہے۔ صیہونیت تو ہر اس چیز کو مسخ کر دینا چاہتی ہے جس سے اللہ اور اس کے رسول کی عظمت جھلکتی ہو۔

کیا یہ زہر انگیز پروپیگنڈہ جاری رہنا چاہیئے؟

کیا ہم مقامی پریس کو کھلی چھٹی دے دیں کہ وہ ہماری غیرت کا مذاق اڑاتی رہے؟

قوموں کی تاریخ میں وہ دن بھی آتے ہیں جب تقدیر افراد کے ہاتھوں میں دے دی جاتی ہے۔ زندہ قوموں کے احساسات شعر سے یہ گوارا نہیں کر سکتے کہ ہر کوئی جب جی چاہے ان کے وقار، عزت اور آبرو کی سر راہ دھجیاں اڑاتا رہے۔

ٹورانٹو میں دشمنان وطن پاکستان کی سالمیت کو پارہ پارہ کر کے کروڑوں انسانوں کو ختم کرنے کے در پے ہیں۔ پاکستان کے غیور بیٹو! مادر وطن جھنجھوڑ رہی ہے تمہاری غیرت کو!

... کی سالمیت کو پیر سے ... ہیں بلوچستان، سرحد، پنجاب اور سرحد سے ایک آواز پر ... چیخ چیخ کر ...

صرف ... قیمت جاگ ذرا!

بھٹو کو پھانسی دیئے جانے پر سرینگر میں مظاہرہ

نئی دہلی — (اے پی ایس) بھارتی پارلیمنٹ میں ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دیئے جانے پر سخت ... کا اظہار کیا گیا۔ سابق بھارتی وزیر اعظم اندرا گاندھی کی کانگریس پارٹی کے صدر اور حزب مخالف کے رہنما مسٹر سی ایم سٹیفن نے لوک سبھا میں کہا کہ اس خبر سے بھارت میں ... بڑی حد تک افسوس کیا جا رہا ہے۔ بھارتی مقبوضہ کشمیر کے دارالحکومت سرینگر میں آج جب مظاہرین نے بھٹو کو پھانسی دیئے جانے کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے فوجی مبصرین کے دفتر پر دھاوا بولنے کی کوشش کی تو پولیس نے مظاہرین پر ہوائی فائرنگ کی۔ ... پولیس کا گھیراؤ توڑ کر دفتر کے احاطے میں داخل ہو گیا۔ ... کر کے کھڑکیوں کے شیشے توڑ دیئے۔ پریس ٹرسٹ آف انڈیا کی اطلاع کے مطابق پولیس نے مظاہرین پر ... آنسو گیس پھینکی۔ رات گئے بی بی سی نے بتایا کہ سرینگر میں اقوام متحدہ کی عمارت پر ... والے افراد پر پولیس فائرنگ کے نتیجے میں تین افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ بی بی سی نے مزید یہ خبر نشر کی تھی کہ صورت حال پر قابو پانے کے لئے پولیس نے ہوائی فائرنگ کی۔

ہر قسم کی اُردو کتابیں دستیاب ہیں۔ مفت فہرست کے لیئے لکھیئے۔

اُردو ڈائجسٹ

ہر مہینے اُردو ڈائجسٹ حاصل کرنے کے لیئے ہمیں لکھیئے یا فون کیجیئے

PRICE: $2.00,(Postage 45c Extra) Subscription for one year $25.00

اپنے چیک TechnoPak کے نام لکھیئے اور اس پتے پر بھیجیئے :

Suite 804, 100 Echo Point, Scarborough, Ontario, Canada, M1W 2V2 (phones:(416) 497 9623, 493 4374)

اِنکم ٹیکس سپیشلسٹ

BUS. (416) 536-2513 — NIGHTS 881-6090

افضل حسین

Afzal Hussain B.Comm., M.Comm.
Accountant

Afzal Bookkeeping Co.
SUITE 220
4140 BATHURST STREET
DOWNSVIEW, ONTARIO
M3H 3P3

INCOME TAX
BOOKKEEPING

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہر قسم کی پاکستانی و ہندوستانی فوڈ کے علاوہ انٹرنیشنل فوڈ یعنی ہر قسم کی خوراک نہایت کم قیمت پر خریدنے کے لئے ہمیں خدمت کا موقع دیجئے۔

ہمارا نصب العین آپ کی تسلی ہے

WHOLESALE & RETAIL
Please Call ISMAIL *At*
461-2839

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario

Fresh Halal Meat & Vegetables

بھٹو کو پھانسی دینے پر کسی قسم کا ردعمل نہیں ہوا

تمام شہروں میں زندگی معمول کے مطابق پرسکون رہی

کراچی ( ) بھٹو کو پھانسی دیئے جانے کے بعد پاکستان کے تمام شہروں میں صورت حال پرسکون رہی لاہور، کراچی، حیدرآباد، راولپنڈی اور سکھر میں زندگی معمول پر رہی اور کسی قسم کا ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔

مظاہرے روکنے کی ہدایت

راولپنڈی میں معمولی مظاہرہ
غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی

راولپنڈی اور واہ میں گرفتاریاں

تارا مسیح نے پھانسی دی نعش کو غسل دیا گیا جیل والوں سے معذرت خواہ ہوں

راولپنڈی ( ) سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کو آج صبح دو بجے راولپنڈی جیل میں پھانسی کے تختے پر لٹکا دیا گیا جہاں دو منٹ تک لٹکے رہے جیل سپرنٹنڈنٹ اور میڈیکل افسر نے ان کی موت کی تصدیق کر دی۔ ذوالفقار علی بھٹو کو جب موت کی کال کوٹھڑی سے نکالا گیا تو وہ بے ہوش ہو گئے جب دوبارہ ہوش میں آئے تو ان کی حالت غیر تھی، انہیں پھانسی دے دی گئی۔

بھٹو کا جسم ۳۰ منٹ تک تختہ دار پر لٹکتا رہا

ہم نے آپ کو جو منت تک کیا ہے

باقی مجرم کہاں ہیں؟

مقتول نواب محمد احمد خان

ڈرامہ کر رہے ہو
مجھے خوف زدہ کرنا چاہتے ہو
بھٹو کی آخری وقت تک
سزا پر عملدرآمد
کا یقین نہ تھا

راولپنڈی ۱۰ اپریل (نمائندہ خصوصی) ذوالفقار علی بھٹو نے اپنی اہلیہ بیگم نصرت بھٹو اور بیٹی بے نظیر کو گزشتہ روز آخری ملاقات کے دوران اطلاع دی گئی تھی کہ بھٹو کو رات دو بجے پھانسی دے دی جائے گی۔



میرے خاوند کے قتل پر بہترین انصاف ہوا ہے

بیوہ محمد احمد خان

خدا کے گھر میں اندھیر نہیں

محمد رضا قصوری

ڈیلی کیپٹل — صفحہ اول سے آگے

مجھے بہت صدمہ ہوا ہے: مرتضیٰ بھٹو

بھٹو خاندان کے نام نصرت اللہ خان کا پیغام تعزیت

طفل تسلیوں کے بعد

عبدالرؤف کاشمی گرفتار کر لیے گئے

اب بہت زیادہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہفت روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

ٹورانٹو کینیڈا

اسلامی اقدار و بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد: [illegible] | ۱۸ جمادی الاول ۱۳۹۹ھ | ۱۵ اپریل ۱۹۷۹ء | شمارہ: [illegible]

محمد احمد خاں کے مقدمۂ قتل کے بڑے مجرم کو ڈسٹرکٹ جیل راولپنڈی میں صبح ۲ بجے تختۂ دار پر لٹکا دیا گیا

پھانسی کی اطلاع ملنے پر بھٹو بے ہوش ہو گئے

جیل میں حفاظتی انتظامات سخت کر دیے گئے تھے

میت بذریعہ طیارہ لاڑکانہ لے جائی گئی اور پھانسی کے ساڑھے آٹھ گھنٹے بعد گڑھی خدا بخش میں سپرد خاک کر دیا گیا • نماز جنازہ میں بھٹو کے دو چچا نبی بخش بھٹو، سردار پیر بخش بھٹو، پہلی بیوی شیریں امیر بیگم اور دوست احباب شریک ہوئے

بھٹو کی خواہش پر ان کی دونوں بیویوں، بیٹی اور قریبی عزیزوں کی ان سے آخری ملاقات کرا دی گئی تھی



ہیلی کاپٹر نبی بخش بھٹو کی حویلی کے سامنے اترا

نعش کفن میں لپٹی ہوئی تھی

لاڑکانہ ۴ اپریل (اپ پ) پھانسی دیے جانے کے بعد ذوالفقار علی بھٹو کی میت ہیلی کاپٹر کے ذریعے آج صبح آٹھ بجکر پانچ منٹ پر نواب نبی بخش بھٹو کی حویلی کے سامنے لائی گئی۔ نعش سفید کفن میں ملبوس تھی۔ راستے حویلی کے اندر لیجایا گیا۔ جہاں رشتے دار اور گاؤں کی خواتین آخری جھلک دیکھنے کے لئے پہلے ہی موجود تھیں ان میں بھٹو کی پہلی بیوی شیریں امیر بیگم بھی تھیں۔ دس بجکر دس منٹ پر جنازہ حویلی سے باہر لایا گیا۔ اس کے بعد نماز جنازہ مولوی محمود بھٹو نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں رشتے داروں، اہل گاؤں اور دوستوں نے جن کی مجموعی تعداد ڈیڑھ ہزار تھی شرکت کی شرکاء میں بھٹو کے چچا نواب نبی بخش بھٹو، اور چچا زاد بھائی سردار پیر بخش بھٹو بھی شامل تھے۔ قبر بھٹو کے رشتے داروں نے تیار کی۔ ساڑھے دس بجے بھٹو کی میت کو قبر میں اتار دیا گیا۔ اس قبرستان میں بھٹو کے والد سر شاہنواز بھٹو، والدہ خورشید بیگم، بھائی سکندر علی اور

— باقی صفحہ آخری کالم ۵ پر

تین بیویاں۔ چار بچے

ذوالفقار علی بھٹو نے اپنے پیچھے تین بیویاں اور چار بچے سوگوار چھوڑے ہیں ان میں سے بڑی بیگم شیریں امیر بیگم اور دوسری نصرت بھٹو ہیں اور تیسری حسنہ شیخ جو لندن میں قیام پذیر ہیں۔ بیگم نصرت بھٹو نظر بند ہیں۔ بھٹو کے چار بچے نصرت بھٹو سے ہی ہیں ان میں سے صرف بے نظیر بھٹو پاکستان میں ہیں جو اپنی والدہ کے ہمراہ سہالہ ریسٹ ہاؤس میں نظر بند ہیں جبکہ مرتضیٰ بھٹو، شاہنواز بھٹو اور صنم بھٹو ملک سے باہر ہیں۔ اور انہوں نے گزشتہ ڈیڑھ سال میں مسٹر بھٹو سے جیل میں ایک مرتبہ بھی ملاقات نہیں کی۔ نصرت بھٹو ان کی بیٹی بے نظیر اور بڑی بیگم شیریں امیر بیگم جیل میں مسٹر بھٹو سے ملاقات کرتے رہے ہیں۔

خاندان والوں کی خواہش کیمطابق بھٹو کو آبائی قبرستان میں دفن کیا گیا

بھٹو کی پھانسی کے بارے میں وزارت داخلہ کا پریس نوٹ

راولپنڈی ۴ اپریل (اپ پ) وزارت داخلہ نے اعلان کیا ہے کہ آج صبح دو بجے راولپنڈی ڈسٹرکٹ جیل میں ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دے دی گئی پھانسی دینے کے بعد ان کی نعش بذریعہ طیارہ لاڑکانہ بھیج دی گئی جہاں آج صبح دس بجے ان کے آبائی قبرستان گڑھی خدا بخش میں نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا۔ یہ جگہ نوڈیرو کے قریب واقع ہے اس سے قبل ان کی [illegible]

حفاظتی انتظامات

[illegible]

قیدی کا لباس پہنایا گیا

[illegible]

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 8 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $6.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ...$14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Crescent

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: [416] 493-4374

Name ....

Address ....

Postal Code ....

Telephone No. ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "CRESCENT"